الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

پریس ریلیز

مورخہ 13 جولائی، 2017

بلوچستان میں نیشنل اسمبلی کے **حلقہ این—اے260 کوئٹہ کم چاغی کم نوشکی** میں 15 جولائی 2017ء کو ہونے والے ضمنی الیکشن کی تمام تیاریاں مکمل کرلی گئیں ہیں۔ متعلقہ حلقہ 3 تین اضلاع کوئٹہ، چاغی اور نوشکی پر مشتمل ہے۔ان تین اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کو ضروری ہدایات جاری کردی گئیں ہیں۔اوران کی طرف سے بھی مکمل یقین دہانی کی گئی ہے۔انتخابات کوپرامن ماحول میں کرانے کی ہر ممکن کوشش کی جارہی ہے۔ سیکورٹی کے لئے فوج، ایف سی اور کوئک رسپانس فورس کی خدمات حاصل کی جائیں گئی۔ ہر پولنگ کے اندراور باہر ایف سی کے اہلکار تعینات ہونگے۔اس حلقے میں ٹوٹل 407 پولنگ اسٹیشنز ہیں۔ جن میں سے 320 انتہائی احساس، 50 احساس اور 37 نارمل ہیں۔ 407 پولنگ اسٹیشنز میں سے 167 مردوں کے لئے 131 خواتین اور 108 مشترکہ ہیں۔ متعلقہ حلقہ میں 993 پولنگ بوتھ قائم کی گئیں ہیں۔ جن میں سے 571 مردوں اور 422 خواتین کے لئے ہیں۔ جن میں 407 پریذائیڈنگ آفیسرز اور 814 اسسٹنٹ پریذائیڈنگ آفیسرز اپنی خدمات سرانجام دیں گے۔ جن کی باقاعدہ ٹریننگ کرائی گئی ہے۔ الیکشن کو صاف و شفاف بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں۔ اس حلقے میں ٹوٹل ووٹروں کی تعداد 4,60,202 ہے۔ جن میں سے 2,74,367 مرد اور 1,85,835 خواتین ووٹرز ہیں۔ یہ نشست قومی اسمبلی کے رکن عبد الرحیم مندوخیل کے وفات کے باعث خالی ہوئی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆